نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>سیکرٹری زراعت پنجاب کی ہدایات پر زرعی ٹاسک فورس کی صوبہ بھر میں کھادوں کی مہنگے داموں فروخت اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری</u>

لاہور:23اگست 2023(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی خصوصی ہدایات پر زرعی ٹاسک فورس کی صوبہ بھر میں کھادوں کو مہنگے داموں فروخت اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔اس ضمن میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کھادوں کی مہنگے داموں فروخت اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کر رہا ہے۔اس ضمن میں صوبہ بھر میں گزشتہ دو روز کے دوران کھادوں کی اوور پرائسنگ اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث 40افراد کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج کروایا گیا ہے اور ان میں سے 13افراد کو حوالہ پولیس کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ کھادوں کی مقررہ نرخوں پر فروخت نہ کرنے والے ڈیلرز کو 17لاکھ 81ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کی کاشتکاروں کو مقررہ نرخوں پر معیاری زرعی مداخل کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔اس ضمن میں ایسے تمام عناصر کے خلاف شکایت موصول ہونے پر کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔انھوں نے کہا کہ کاشتکار/عوام الناس کھادوں کی مہنگے داموں یا بلیک مارکیٹنگ کرنے والے عناصر کے خلاف محکمہ زراعت کے مقامی دفتر یا ضلعی انتظامیہ کو اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔شکایت موصول ہونے پر 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆